Cerebral Palsy Alliance میں بچوں کے حقوق

جب Cerebral Palsy Alliance (CPA) کی خدمات حاصل کی جائیں تو سب بچوں کے حقوق کا تحفظ کیا جاتا ہے اور انہیں برقرار رکھا جاتا ہے

CPA نے ہر بچے کے بڑھنے، نشوونما پانے، کھیلنے اور اپنے معاشرے میں فعال طور پر شریک ہونے کے حق کے تحفظ کا عزم کر رکھا ہے۔ ہم ہر روز اپنے کام میں دیانت، جذبے، اعلی معیار، جرات اور احترام جیسی اقدار کو شامل رکھتے ہیں اور ہر بچے کے ان حقوق کا تحفظ کرتے ہیں کہ وہ تہذیبی یا سماجی امتیاز کے بغیر خدمات حاصل کر سکے۔ ہم ایسی خدمات فراہم کرنے کے لیے جدوجہد کرتے ہیں جو انسان کے خود فیصلے کرنے کے حق، انفرادی ضروریات اور انتخابوں کو ملحوظ رکھیں۔

بنیادی اصول

CPA کا عملہ مندرجہ ذیل بنیادی اصولوں کے تحت کام کرتا ہے اور ان حقوق کو برقرار رکھنے اور ان کے لیے آواز اٹھانے کا عزم رکھتا ہے:

- اقوام متحدہ کا معذور افراد کے حقوق کا کنونشن 2006 (UN Convention on the Rights of Persons with Disabilities 2006) جو معذور افراد کے حقوق اور وقار کا تحفظ کرتا ہے۔
- اقوام متحدہ کا بچے کے حقوق کا کنونشن 1989 (UN Convention on the Rights of the Child 1989) جو یہ تسلیم کرتا ہے کہ نسل، پس منظر، مذہب یا معذوری سے قطع نظر، سب بچوں کو آزادی اور حفاظت کا حق حاصل ہے۔
- معذوری کی وجہ سے امتیازی سلوک کا ایکٹ 1992 (Disability Discrimination Act 1922) جو معذوری کی وجہ سے امتیازی سلوک کو غیر قانونی قرار دیتا ہے اور معذور افراد کے لیے برابر حقوق، مواقع اور رسائی کو فروغ دینے کا ہدف رکھتا ہے۔
- بچوں کی حفاظت کے معیار (The Child Safe Standards) تنظیموں کو ایسے کلچر بنانے، حکمت عملیاں اختیار کرنے اور کام کرنے کا پابند ٹھہراتے ہیں کہ بچوں کو نقصان سے بچانے کی خاطر بچوں کے مفادات کو فوقیت دی جائے۔

بچوں کی فلاح

CPA نے اپنی تمام پالیسیوں اور کام میں بچوں کی فلاح اور حفاظت کا فریم ورک شامل کر رکھا ہے۔ ہمارا عملہ بچوں کے بہترین مفادات کو خاص توجہ دیتا ہے اور بچوں کے تحفظ سے متعلق تشویش پر قدم اٹھائے گا اور جب ضرورت ہو تو دوسرے اداروں کو معلومات دے گا۔

CPA کے عملہ بھرتی کرنے اور رضاکاروں کو شامل کرنے کے عمل سے یہ یقینی ہوتا ہے کہ عملے اور رضاکاروں میں ہماری اقدار سے مطابقت رکھنے والی خوبیاں ہوں اور وہ تصدیقی چیکس اور قانونی تقاضوں کی تعمیل کریں۔ ہم ایسے نظام، اقدار اور کلچر رکھتے ہیں جو بچوں کے حقوق برقرار رکھنے کے لیے تشکیل دیے گئے ہیں، اور تمام عملہ اور رضاکار اس شعبے میں صف اوّل کی پیشہ ورانہ ترقی، تربیت اور مسلسل تحصیل علم سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

آراء اور شکایات

CPA آپ کی رائے کی قدر کرتا ہے اور ہم یہ یقینی بنانے کا عزم رکھتے ہیں کہ بچوں اور ان کے گھرانوں کو شکایات کرنے کی ترغیب بھی دی جائے اور اس کے لیے مدد بھی دی جائے، اور ہم شکایات کو جلد اور مستعد طریقے سے حل کریں گے۔

Cerebral Palsy ALLIANCE

1300 888 378 | ask@cerebralpalsy.org.au | cerebralpalsy.org.au

VERSION 1.0 | DECEMBER 2021